**24.05.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

---------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کیلئے سبھی انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ کل اِس مرحلے کے تحت چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 58 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

2 ساتویں اور آخری مرحلے میں چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔

3 Papua New Guinea کے ایک دوردراز علاقے میں مٹی کے تودے کھسکنے کے سبب کم سے کم سو افراد ہلاک ہوگئے۔

4 IMD نے راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کے بہت سے علاقوں میں پیر تک کیلئے شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

5 تیراندازی میں بھارت کی کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم، جنوبی کوریا میں Yecheon کے مقام پر عالمی کپ کے دوسرے مرحلے کے فائنل میں داخل ہوگئی ہے۔

6 IPL کرکٹ میں آج شام چنئی میں دوسرے کوالیفائر میچ میں سَن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔

-------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## SIXTH PHASE POLLING

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کیلئے سبھی انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ اس مرحلے کے تحت چھ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام دو علاقوں کے 58 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان حلقوں میں اترپردیش میں 14 سیٹیں،

ہریانہ میں سبھی دس ، بہار اور مغربی بنگال میں آٹھ۔آٹھ، دلی میں سبھی سات، اڈیشہ میں چھ، جھارکھنڈ میں چار اور جموں وکشمیر میں ایک سیٹ شامل ہے۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔ اس مرحلے کیلئے کُل 889 امیدوار میدان میں ہیں۔

قومی راجدھانی دلی میں کُل 162 امیدوار میدان میں ہیں۔ بی جے پی کے منوج تیواری اور بانسری سوراج، عام آدمی پارٹی کے سومناتھ بھارتی، کلدیپ کمار اور کنہیا کمار نیز کانگریس کے جے پی اگروال، کچھ ممتاز امیدواروں میں شامل ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ پولنگ خوش اسلوبی اور مستعد طریقے سے جاری رہے، اس کیلئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ X

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔ اس مرحلے میں سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 57 پارلیمانی سیٹوں کیلئے پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13 سیٹیں، مغربی بنگال کی 9، بہار کی 8، اڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی 4، جھارکھنڈ کی 3 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ کی سیٹ شامل ہے۔ اِس مرحلے میں کُل 904 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ تمام مرحلوں کے انتخابات کے ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوگی۔

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے ہماچل پردیش کے شملہ میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ اقتدار میں آنے کے بعد NDA سرکار نے عام زمرے کے غریبوں کو 10 فیصد ریزرویشن فراہم کیا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ اِس کی وجہ سے آج لوگوں کو مختلف جگہوں پر زیادہ مواقع حاصل ہو رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایک طرف مودی کی گارنٹی ہے تو دوسری طرف کانگریس کی تباہی کا ماڈل ہے۔

وزیر اعظم مودی آج سہ پہر پنجاب کے گرداس پور اور جالندھر میں دو انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

کانگریس کے جنرل سکریٹری سچن پائلٹ شری آنند پور صاحب لوک سبھا حلقے میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

BJP کے صدر جے پی نڈا اترپردیش کے بلیا اور سون بھدر ضلعوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ دیوریا اور گورکھپور میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

RJD، کانگریس اور بائیں بازو کی پارٹیوں پر مشتمل عظیم اتحاد کے رہنما بھی اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں کر رہے ہیں۔ x

**J&K SECTION 144**

جموں وکشمیر میں انتخابی عمل میں سرکاری ملازمین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے سرحدی ضلع پونچھ کے ضلع مجسٹریٹ نے کل تمام سرکاری ملازمین کیلئے چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ تاہم پولنگ اہلکاروں کیلئے کوئی چھٹی نہیں ہوگی۔ضلع مجسٹریٹ نے اننت ناگ - راجوری پارلیمانی حلقے کے لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر 23 مئی سے 25 مئی تک ضلع میں شراب کی فروخت اور شراب پینے پر پابندی عائد کردی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے Surankote ، پونچھ۔حویلی اور مندھار سمیت پونچھ ضلع کے تین اسمبلی حلقوں میں واقع تمام مخصوص پولنگ مراکز کو No smoking Zone قرار دیا ہے۔ اننت ناگ۔ راجوری پارلیمانی حلقے میں پرامن اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے ضلع مجسٹریٹ نے دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔X

**J&K CAPF**

جموں وکشمیر میں، پیرپنجال ذیلی خطے میں حفاظتی انتظامات سخت کردئے گئے ہیں تاکہ لوک سبھا انتخابات کیلئے خوش اسلوبی اور پرامن طریقے سے پولنگ کو یقینی بنایا جاسکے کیونکہ اننت ناگ۔راجوری۔ پونچھ پارلیمانی حلقے میں کل پولنگ کرائی جائے گی۔ اِس خطے کی دوبارہ حلقہ بندی کی گئی ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مرکزی مسلح نیم فوجی دستوں کی 150 سے زیادہ کمپنیاں، J&K مسلح پولیس اور بھارتی ریزرو پولیس کا عملہ، پولنگ اسٹیشنوں اور دیگر مقامات پر تعینات کیا گیا ہے۔ حفاظتی ایجنسیوں نے اس بات کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں کہ راجوری اور پونچھ دونوں سرحدی ضلعوں میں ووٹنگ یا اس سے متعلق کوئی ناگوار واقعہ نہ ہو۔

سبھی پولنگ اسٹیشنوں کو دو زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے زمرے میں معمول کے علاقوں کے پولنگ اسٹیشن ہیں جبکہ دوسرے زمرے میں سلامتی سے متعلق تشویش والے علاقے ہیں۔x

**J&K HEATWAVE**

جموں وکشمیر میں انتخابی عمل میں سرکاری ملازمین کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے سرحدی ضلع پونچھ کے ضلع مجسٹریٹ نے کل تمام سرکاری ملازمین کیلئے چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ تاہم پولنگ اہلکاروں کیلئے کوئی چھٹی نہیں

ہوگی۔ضلع مجسٹریٹ نے اننت ناگ - راجوری پارلیمانی حلقے کے لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر 23 مئی سے 25 مئی تک ضلع میں شراب کی فروخت اور شراب پینے پر پابندی عائد کردی ہے۔ضلع مجسٹریٹ نے Surankote ، پونچھ۔حویلی اور مندھار سمیت پونچھ ضلع کے تین اسمبلی حلقوں میں واقع تمام مخصوص پولنگ مراکز کو No smoking Zone قرار دیا ہے۔ اننت ناگ۔ راجوری پارلیمانی حلقے میں پرامن اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے ضلع مجسٹریٹ نے دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔X

## IMD

جموں وکشمیر میں موسمیات کے ماہرین نے خاص طور پر کمزور طبقے کے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ شدید گرمی سے بچیں اور مشروبات کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں کیونکہ مرکز کے زیرانتظام اس علاقے میں اگلے پانچ دن تک شدید گرمی کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

جموں کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ محکمہ موسمیات کے مطابق ان پانچ دن کے دوران پہاڑی ضلعوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ X

## Kerala Rains

کیرالہ کے کئی حصوں میں کل شام سے بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس کے سبب نچلے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔مختلف علاقوں میں موسم ابر آلود رہے گا۔محکمۂ موسمیات نے اشارہ دیا ہے کہ کل تک بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے موسم سے متعلق اپنی حالیہ رپورٹ میں ارناکلم اور Thrissur اضلاع میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے Wayanad، Idukki اور پتھنم تھِٹّا کے پہاڑی اضلاع سمیت 8 ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔X

## TN Kerala Water Sharing

تمل ناڈو میں تمام پارٹیوں کے رہنماؤں نے متفقہ طور پر Idukki ضلعے میں Silanthi دریا پر ایک باندھ تعمیر کرنے کے کیرالہ سرکار کے اقدام کی مخالفت کی ہے۔ اِن رہنماؤں نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ یہ باندھ تعمیر کرنے کی اجازت نہ دے۔تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے کیرالہ سرکار کو مراسلہ تحریر کیا ہے کہ جب تک کہ یہ معاملہ حل نہیں ہوجاتا ہے، وہ ریاستوں کے درمیان دوستی کے حقیقی جذبے کو برقرار رکھنے کیلئے باندھ کی

تعمیر روک دے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ تمل ناڈو سرکار یا دریائے کاویری کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی کو باندھ کی تعمیر سے متعلق کوئی بھی دستاویز فراہم نہیں کی گئی ہے۔ اسی دوران تمل ناڈو کے اپوزیشن رہنما K پلانی سوامی نے کسانوں کی ضروریات کو نظر انداز کرنے کیلئے حکمراں DMK کی تنقید کی ہے۔ x

## PAPUA NEW GUINEA LANDSLIDE

آج پپوا نیو گِنی کے ایک دوردراز علاقے میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں کم سے کم سو افراد کے ہلاک ہونے کی خبر ہے۔ آسٹریلین براڈکاسٹنگ کارپوریشن نے خبر دی ہے کہ جزیرہ نما ملک کے Enga صوبے میں واقع Kaokalam گاؤں میں مٹی کے تودے کھسکنے کا یہ واقعہ پیش آیا۔

اگرچہ حکام نے ہلاک ہونے والے افراد کی تعداد کی تصدیق نہیں کی ہے تاہم مہلوکین کی تعداد زیادہ ہوسکتی ہے۔ آسٹریلیا کے شمال میں واقع پپوا نیو گِنی گوناگونیت کا حامل ایک ترقی پذیر ملک ہے۔ یہاں زیادہ تر کسان ہیں۔ یہاں کل 800 زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ایک کروڑ کی آبادی کے ساتھ جنوبی بحرالکاہل خطے میں واقع یہ آسٹریلیا کے بعد سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے۔ X

## MAHA DOMBIVLI FIRE INCIDENT

مہاراشٹر میں تھانے ضلعے میں کیمیای مادوں کی ایک فیکٹری کے دھماکے میں مرنے والوں کی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ Dombivli میں کل کیمیائی مادوں کی ایک فیکٹری میں ایک بوائلر کے پھٹنے سے بڑے پیمانے پر آگ لگ گئی تھی جس میں 56 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے مرنے والوں کے کنبوں کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے ۔ وزیراعلی ایکناتھ شندے نے کہاکہ ریاستی سرکار زخمیوں کے علاج کا خرچ اٹھائے گی اور اِس سلسلے میں غیر ارادی قتل کا کیس درج کیا جائے گا۔

وزیراعلی نے تھانے کے ضلع کلکٹر کو ہدایت دی ہے کہ اِس واقعے کی تفصیلی چھان بین کرائی جائے ۔ جناب شندے نے یقین دلایا ہے کہ اِس واقعے کیلئے ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ x

## PUNE FTTI AWARD

بھارت کے فلمز اور ٹیلی ویژن اِنسٹی ٹیوٹ FTII پُنے کے ایک طالب علم کی بنائی گئی ایک فلم کو ساتویں کانز فلم فیسٹول میں اعلی انعام La Cinef دیا گیا ہے۔ چدانندنائک کی ہدایت میں بنائی گئی اس فلم کا عنوان ''پہلے سورج مکھی کو معلوم ہوا ہے'' یہ فلم، کرناٹک کی ایک روایتی کہانی پر مبنی ہے۔ یہ کہانی ایک معمر خاتون کی ہے جو ایک مرغا

چراتی ہے اور اس کے بعد سحر نہیں ہوتی۔

La Cinef ، 18 طلبا کی فلموں پر مشتمل ہے جنہیں پوری دنیا کے فلم اسکولوں میں سے دوہزار 263 فلموں میں سے چنا گیا ہے۔ یہ فلم FTII کے، سال کی اختتامی مدت کے حصے کے طور پر بنائی گئی تھی جو ٹی وی ونگ کے ساتھ تال میل رکھنے والی ایک مشق تھی۔ X

## Archery

بھارت کی جیوتی سریکھا Vennam اور پریانش آج جنوبی کوریا کے شہر Yecheon میں تیر اندازی عالمی کپ کے مرحلہ دو میں کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ٹورنامنٹ میں بھارت کا دوسرا میڈل یقینی ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے جیوتی، پرینت کور اور آدتی سوامی پر مشتمل خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیم بدھ کے روز فائنل میں پہنچ گئی تھی۔ اب سونے کے تمغے کیلئے جیوتی اور پریانش کا مقابلہ کل امریکہ کے Olivia Dean اور Sawyer Sullivan سے ہوگا۔ Prathamesh Fuge نے انفرادی زمرے میں سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج شام چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں دوسرے کوالیفائر میچ میں سَن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔

دونوں ٹیموں کے درمیان گذشتہ 19 میچوں میں سن رائزرس حیدرآباد کو معمولی برتری حاصل رہی ۔ اُس نے 10 میچ جیتے ، جبکہ راجستھان رائلس نے 9 میچوں میں کامیابی حاصل کی۔

منگل کے روز پہلے کوالیفائر میچ میں سن رائزرس حیدرآباد کی ٹیم ، کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہار گئی تھی۔

اِدھر راجستھان رائلس کی ٹیم نے بدھ کے روز Eliminator میچ میں رائل چیلنجرس بنگلورو کو شکست دے کر دوسرے کوالیفائر میں جگہ بنائی اور اِس طرح اُس نے بنگلورو کی ٹیم کے لگاتار چھ میچ جیتنے کا سلسلہ توڑ دیا تھا۔

IPL کا فائنل اتوار کو کھیلا جائے گا۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو کوالالمپور میں ملیشیا ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے کوارٹر فائنل میں چین کی Han Yue کو اکیس-تیرہ، چودہ-اکیس، اکیس-بارہ سے ہرایا۔

خواتین کے سنگلز کے ایک اور کوارٹر فائنل مقابلے میں بھارت کی Ashmita Chaliha کا مقابلہ اب سے کچھ دیر بعد چین کی چھٹے درجے کی کھلاڑی Zhang Yi Man سے ہوگا۔ کُل پری کوارٹر فائنل میں اشمتا نے امریکہ کی Beiwen Zhang کو ہرایا تھا۔

البتہ دیگر زمروں میں بھارتی کھلاڑیوں کی جیت کی مہم پری کوارٹر فائنل میں ہی ختم ہوگئی۔ کرن جارج مردوں کے سنگلز میں ملیشیا کے Zii Jia Lee سے ہار گئے، جبکہ مردوں کے ڈبلز میں Sai Pratheek اور کرشنا پرساد Garaga کی جوڑی، چینی جوڑی سے ہار گئی۔ خواتین کے ڈبلز میں ترِیسا جولی اور گائتری گوپی چند بھی تائیوان کی جوڑی سے ہار گئیں۔ ×

☆☆☆☆